چه، "انتہائی شفاف طریقے سے ڈیپارٹمنٹل پروموشن و سلیکشن کمیٹی کی سفارشات کے مطابق میرٹ پر بھرتیاں کی گئیں ہیں نیز اخبارات میں بھی اشتہارات دیئے گئے ہیں۔ زرین گل لالا چې کوم شیان غوښتي دی، هغه خو غالباً دې جواب کښې شته نه جي، هغه څکه دوئ ورنه د اخبار تراشه غوښتې ده، د امیدوارو مطلب دا دے چې میرټ لسټ ئے ترې غوښتے دے او د هغو مکمل کوائف ئے غوښتي دی، هغه نشته دے په جواب کښې۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی، علی امین خان، پلیز۔

<u>وزیر مال</u>: اس کے اندر جی کچھ ڈیٹیل جو Available ہے۔ وہ ان کو مہیا کر دی گئی ہے اور باقی جو انہوں نے ڈومیسائل مانگا ہے تو اس کا بھی ان کے سوال میں کوئی ذکر نہیں ہے، وہ ڈومیسائل وغیرہ کا تو۔۔۔۔۔

(مداخلت)

<u>مفتی سید جانان</u>: سر، زه دا سې وایم چې په سوال کښې ئے لیکلی دی چې بھرتیوں کا طے شدہ طریقہ کار کیا تھا، نیز اخبار میں دیئے گئے بھرتی کے اشتہارات کی کاپی، امیدواروں کی میرٹ لسٹ کی نقول، جواب کښې جي دوئ لیکي چې انتہائی شفاف طریقے سے ڈیپارٹمنٹل پروموشن و سلیکشن کمیٹی کی سفارشات کے مطابق میرٹ پر بھرتیاں کی گئی ہیں، د سوال جي جواب مکمل نه دے، لکه دے سړی ورنه کوم شیان غوښتي دی، هغه نشته دی جي۔

<u>وزیر مال</u>: آپ بیٹھ جائیں نا، ذرا ایک منٹ سن لیں نا سر، ذرا پوری بات سنیں گے تو پتہ چلے گا نا۔

<u>مفتی سید جانان</u>: جی۔

<u>وزیر مال</u>: ذرا پوری بات مکمل ہو گی تو بات آپ کو سمجھ آئے گی۔ اس میں جناب، یہ اس کے ساتھ اخبار "مشرق" کا ایڈورٹائزمنٹ بھی لگا ہوا ہے، اس کے اندر اور اس کے علاوہ جو ان کی وہ میرٹ والی پوری لسٹ ہے، وہ بھی اس میں لگی ہوئی ہے ساتھ، آپ اس کو چیک کر لیں، اس میں یہ جو بھرتیاں ہوئی ہیں، اس میں 1 تا 6 جو لکھا ہوا ہے، یہ سر، آپ میری بات سن نہیں رہے ہیں تو پھر سوال کر لیتے ہیں آپ، ذرا میری بات بھی سنیں، پھر آپ کہیں گے کہ مجھے سمجھ نہیں آئی، تو اس کے اندر ایسا ہے کہ اس میں کچھ ایسی باتیں ہیں جو انہوں نے ابھی مزید ڈیٹیل میں کی ہیں تو اس میں ہم اپنے ڈیپارٹمنٹ کو دیکھ لیں گے، جو ہماری پالیسی ہے،

اس کو ہم دیکھ لیں گے، اس میں کوئی بھی چیز ایسی ہوئی ہو جو ٹھیک نہیں ہے تو ان شاء اللہ اس میں ہم اس کو چیک کر کے اس کو ہٹا دینگے لیکن ابھی جو ہوا ہے اس کے اندر، وہ باقاعدہ اشتہارات بھی اخبار میں آئے ہوئے ہیں اور جو پالیسی تھی، اس کے مطابق انہوں نے ٹیسٹ بھی لیے ہیں، انٹرویوز بھی لیے ہیں اور باقی جو کچھ کے انٹرویوز نہیں ہوئے، کلاس فور کے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ڈیپارٹمنٹ کے اندر جو پروموشن والی کمیٹی ہے تو انہوں نے ہی ان کا انٹرویو کیا ہے اور سلیکٹ کیا ہے، تو اس میں باقاعدہ میرٹ کا پورا خیال رکھا گیا ہے۔ باقی اگر کوئی ایسی چیز آئے گی سامنے تو ان شاء اللہ اس کو Clear کر دینگے، ہم مزید آپ کو۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Next, Zareen Gul Sahib, please.

جناب زرین گل: ډیره شکریه. محترم سپیکر صاحب، سوال نمبر 20۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 19۔

جناب زرین گل: دا خو 20 دے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 19۔

جناب زرین گل: ښه جی ښه، دا سوال نمبر 19۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 19 _ جناب زرین گل: کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ مال ضلع تورغر کو انتظامی اخراجات کیلئے فنڈز مختص کئے گئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ مال ضلع تورغر کے انتظامی اخراجات کیلئے فراہم شدہ فنڈز کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز خرچ شدہ رقوم کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال): (الف) صوبائی بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ مال ضلع تورغر کا انتظامی فنڈ بصورت Non-salary budget منظور ہوا تھا۔

(ب) سال 12-2011 میں خرچ شدہ اخراجات اور فراہم شدہ فنڈ کی تفصیل درج ذیل ہے:

S. No	Head	Budget	Expenditure
01	Postage & Telegraph	10000	Nil
02	Telephone & Trunk calls	40000	13300

03	Law charges	10000	Nil
04	Transport	100	Nil
05	Electricity	70000	Nil
06	Hot & Cold	300000	300000
07	Traveling Allowance	450000	398499
08	Transportation of goods	50000	39832
09	POL charges	700000	480338
10	Office stationary	100000	30519
11	Printing & Publication	25000	Nil
12	News Paper	10000	Nil
13	Publicity & Advertisement	50000	Nil
14	Others	100000	36235
15	Uniform & Liveries	5000	Nil
16	Machinery & equipment	300000	Nil
17	Furniture & Fixture	200000	93063
18	Repair & Transport	150000	19650
19	Repair of Machinery	30000	11250
20	Repair of Furniture & Fixture	10000	Nil
Total Non Salary		**1608200**	**1152686**

سال 2012-13 کے اخراجات کا گوشوارہ اور بجٹ کی تفصیل ایوان کو مہیا کی گئی۔

جناب زرین گل: سر، د دې نه مطمئن یم، Not pressed۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: Next، جناب زرین گل صاحب۔

* 20 _ جناب زرین گل: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) تورغر کو ضلع کا درجہ دینے کے بعد سالانہ بجٹ 2011-12 اور 2012-13 میں تورغر کیلئے نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ضلع کیلئے کل کتنی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی، نیز ان آسامیوں پر بھرتی کیلئے کونسا مروجہ طریقہ کار وضع کیا گیا تھا، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ آسامیوں پر بھرتی شدہ افراد کی تعداد کی تفصیل گریڈ 1 تا 16 تک فراہم کی جائے، نیز تاحال خالی آسامیوں کی تفصیل بھی دی جائے؛

(iii) مذکورہ آسامیوں پر بھرتی کیلئے شریک امیدواروں کی مکمل میرٹ لسٹ کے ساتھ کامیاب امیدواروں کے مکمل کوائف بھی فراہم کئے جائیں؛

(iv) آیا طے شدہ میرٹ قوانین کے خلاف مذکورہ بھرتی کرنے سے اس پسماندہ علاقے کے اہل نوجوانوں کی حق تلفی نہیں کی گئی ہے؟

الحاج ابرار حسین (وزیر ماحولیات) {جواب سینیئر وزیر (آبپاشی) نے پڑھا}: (الف) تورغر کو ضلع کا درجہ بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر Rev:VI/Tourghar/2938-3077، مورخہ 15-02-2011 کو دیا گیا اور سالانہ بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں تورغر فارسٹ ڈویژن کیلئے کل 29 آسامیوں کی منظوری دی گئی۔

(ب) (i) تورغر کو ضلع کا درجہ ملنے کے بعد تورغر فارسٹ ڈویژن کیلئے کل 29 آسامیوں کی منظوری دی گئی، تمام تقرریاں میرٹ کی بنیاد پر پر کی جائیں گی۔

(ii) دفتر میں سرکاری امور چلانے کیلئے 06 اہلکار دوسرے دفاتر سے تبدیل کرکے لائے گئے جبکہ 06 آسامیوں پر عارضی طور پر بھرتی کی گئی۔ تاحال 29 آسامیاں خالی ہیں کیونکہ دوسرے دفتروں سے تعینات کیا گیا سٹاف واپس کیا جائے گا۔

(iii) خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے حکومت کے مجوزہ طریقہ کار کے تحت اخبار میں اشتہار آنے کے بعد ٹیسٹ شروع تھے کہ حکام بالا کی ہدایت پر بھرتی کو موخر کیا گیا، لہذا نہ ہی میرٹ لسٹ بنی اور نہ ہی بھرتی کی نوبت آئی۔

(iv) اخباری اشتہار کے مطابق تورغر کے اہل نوجوانوں کو ترجیح دی جائے گی۔ (اشتہار کیلئے روزنامہ 'مشرق' مورخہ 20-04-2013 ملاحظہ ہو)۔

جناب زرین گل: سر دیکبنې ما تپوس کړے دے چې تورغر کو ضلع کا درجہ دینے کے بعد سالانہ بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں تورغر کیلئے نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی؟ دوئ وائی چې

او ٹھیک دہ، کل 29 آسامیوں کی منظوری دی گئی۔ جناب سپیکر صاحب! بیا ما دا تپوس کڑے دے چې مذکورہ ضلع کیلئے کل کتنی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی، نیز ان آسامیوں پر بھرتی کیلئے کونسا مروجہ طریقہ کار وضع کیا گیا تھا؟ دوئ لیکلی دی چې 29 آسامیانو منظوری شوې دہ او تمام تقرریاں میرٹ کی بنیاد پر کی جائیں گی، یعنی کړې ئے نہ دی خو 'کی جائیں گی' بیا چې کوم دے "مذکورہ آسامیوں اور بھرتی شدہ افراد کی تعداد کی تفصیل گریڈ 1 تا 16 تک فراہم کی جائے، نیز تاحال خالی آسامیوں کی تفصیل بھی دی جائے؟" دوئ دا لیکلی چې مونږ یو هم نہ دے بھرتی کړے پہ 29 آسامو کښې لیکن بل طرف تہ جی دې تہ اوگورئ چې ما لہ جواب راکوی چې "دفتر میں سرکاری امور چلانے کیلئے 6 اہلکار دوسرے دفاتر سے تبدیل کرکے لائے گئے جبکہ 6 آسامیوں پر عارضی طور پر بھرتی کی گئی۔" محترم سپیکر صاحب، دلتہ اشتهار چې دے، پہ دیکښې ئے لیکلی دی، "درخواستیں مطلوب ہیں۔ صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کی بھرتی پالیسی کے مطابق ریگولر/کنٹریکٹ کی بنیاد پر جو ضلع تورغر، متعلقہ ضلع کے علاقائی شہریت کے حامل افراد سے درخواستیں بمراد بھرتی جو کہ آسامی کے سامنے درج قابلیت پر پورا اترتے ہوں، مطلوب ہیں" اوس یو طرف تہ دا وائی چې دا 29 اسامئ مونږ پہ کنټریکټ، بل طرف تہ مونږہ تہ وائی چې دا کنټریکټ چې دے، دا مونږ بھرتی کړی نہ دی خو شپږ مونږہ عارضی بھرتی کړی دی۔ محترم سپیکر صاحب، ستاسو پہ وساطت زہ تپوس د متعلقہ وزیر صاحب نہ چې دا کنټریکټ او عارضی کښې څہ فرق دے ؟ مونږہ خو کنټریکټ دا گڼو چې دا یعنی پہ څہ شرائطو باندې شویدی نو دوئ وائی چې دا سیټونہ خالی دی، 29، مونږہ لا نہ دی بھرتی کړی خو مونږہ شپږ عارضی بھرتی کړی دی، نو دا عارضی بھرتی او کنټریکټ بھرتی کښې څہ فرق دے ؟ زہ دا تپوس کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سکندر شیرپاؤ، پلیز۔ رشاد خان، سپلیمنٹری کوئسچن۔

جناب محمد رشاد خان: جو سال کوئسچن میں بتائے گئے ہیں، انہی سالوں میں شانگلہ میں بھی اسی طرح کی بھرتیاں کی گئیں اور میرے خیال سے سنگین خلاف ورزی ہوئی ہے قواعد وضوابط کی، پوسٹوں کو خالی کیا گیا

اور بہت جلد ان کو دوبارہ بھرا گیا، پھر انکے کہیں اور ٹرانسفر کئے گئے اور دوبارہ بھرتیاں کی گئیں، تو میری درخواست ہو گی منسٹر صاحبان سے کہ اس کو، میری منسٹر صاحب سے درخواست ہو گی کہ وہ اس کو کُسچن کو کمیٹی کو ریفر کریں، میرے خیال سے موؤر بھی، زرین گل صاحب بھی مطمئن ہونگے کہ یہ کو کُسچن جب کمیٹی میں جائیگا اور ابھی سر، مجھے یہ بھی نہیں معلوم کہ ابھی کمیٹیاں بنی ہیں یا نہیں بنیں؟ یہ بھی ذرا مشکل ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سکندر شیر پاؤ، پلیز۔

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و توانائی)}: جناب سپیکر! ډیره مهربانی جی۔ څو پورې چې جناب سپیکر صاحب، د رشاد خان کوئسچن دے نو هغه فریش کوئسچن دے جی، دوئ د کوئسچن راوړی او په هغې باندې مونږه د محکمې نه به جواب راواوغواړو او د هغې مطابق چې دوئ څنګه وائی هغه شان به دوئ مونږه مطمئن کړو۔ د زرین ګل صاحب چې کوم سوال دے جی، واقعی تورغر ډیره پسمانده علاقه هم ده او چونکه نوې ضلع جوړه شوې ده نو هغې کښې بیا دا نوے فارسټ ډویژن هم هغې لحاظ سره جوړ شو او دا نوی پوستونه پکښې Create کړی شو، هغې کښې هغه وخت سره د دفتر یکدم جوړولو د پاره او کار روانولو د پاره د بعضې نورو دفترو نه خلق دې ته ټرانسفر کړے شوی وو، 29 پوستونه موجود دی، ما محکمې نه اوس هم تپوس کړے دے، هغوی وائی چې 29 په 29 پوستونه موجود دی او هغې کښې که اشتهار کښې هم دوئ اوګوری نو هغې کښې دا لیکلی دی چې ترجیح به مونږه تورغر له ورکوؤ، نو دغې باندې به بالکل عمل کیږی او که دوئ مطمئن نه وی، زه به وروستو محکمې والا سره دوئ کښېنوم چې څنګه دوئ وائی، هغه شان به مونږه کوؤ جی۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب سلیم خان صاحب، ایم پی اے 07-01 اور 2013-07-02، جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے 2013-07-01 اور 2013-07-02، جناب ارباب جہانداد خان

صاحب، ایم پی اے 2013-07-01، محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ 2013-07-01 اور 02-07-2013، جناب محمود احمد خان صاحب، ایم پی اے 2013-07-01 اور 2013-07-02، جناب سردار مہتاب احمد خان صاحب، اپوزیشن لیڈر 2013-07-01، جناب ضیاء الرحمن صاحب، ایم پی اے 01-07-2013، جناب شاہ محمد خان، ایم پی اے 2013-07-01۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The Motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted. Malik Behram Khan, MPA, please.

رسمی کارروائی

جناب بہرام خان: محترم سپیکر صاحب! زه د دې ایوان او د ذمه دارانو خلقو توجه دې خبرې ته راګرځول غواړم چې زما په حلقه PK- 93 کښې په دیر بالا کښې په دریائے پنجکوړه باندې د مخکښې نه پلونه جوړ شوی وو، Wooden پل وو، پکښې د لرګو پلونه وو چې هغه د بد قسمتئ نه درې کاله مخکښې دریائے پنجکوړه کښې اوبه راغلې او هغه ئے یوړل او هغه پلونو باندې بیا خلقو په اپنی مدد آپ باندې چیئر لفټ، زانګوګانې اولګولې۔ مونږه مخکښې هم د پارلیمانی پارټئ اجلاس کښې هم دا خبره خرګنده کړې وه، د خپلو ذمه دارو او وزیر اعلیٰ صاحب او سینیئر منسټر صاحب په مخکښې مو هم کړې وه چې دغه زانګوګانې او کومې رسئ چې لګیدلې دی چې په دغه باندې د سکول ماشومان او په دغې باندې زنانه او بیماران په دریائے پنجکوړه باندې پوریوځی راپوریوځی او دا امکان شته دے چې دا رسئ اوشلیږی او دا خلق د سیند او د اوبو شکار شی۔ هغه خبره زمونږه صحیح ثابت شوه او په 29 تاریخ، چې دا په 30 جون باندې په مشرق اخبار کښې هم راغلی دی او په 'آج' اخبارکښې هم راغلی دی، په 'ایکسپریس' کښې هم راغلی دی چې "واڑی صاحب آباد میں چیئر لفٹ گرنے سے پانچ افراد دریائے پنجکوڑا میں ڈوب گئے، دریائے پنجکوڑا عبور کرتے ہوئے چیئر لفٹ کی رسی ٹوٹ گئی دو افراد جاں بحق اور تین کو زخمی حالت میں بچالیا گیا" د دې تفصیل، وخت ډیر زیات کم دے نور تفصیل ته ضرورت نشته خو هغه درې کسان چې کوم په زخمی حالت کښې ویستی دی،

هغه یو کس اوس هم کوم چې په دې مړو کښې شامل دے، هغه د دې اخبار مطابق هغه کس تر اوسه پورې نه دے موندے شوے۔ زما ذمه دارو کسانو ته دا درخواست دے چې کوم کسان اوبو وړی دی، هغه کسانو د پاره معاوضه مقرر کړې شی او کوم چې زخمیان دی، هغوی ته د هم مقرر کړې شی او د دغه شهداء په خاطر باندې د چې کوم زمونږه نور ځایونو باندې رسئ لګیدلې دی چې د خال د بازار پل دے، د ملک آباد اخګرام پل دے، رسئ ده او د صاحب آباد د کومې نه چې دا کسان غورزیدلی دی او صدیق آباد چې هلته اوس هم په هغه رسو باندې خلق پوریوځی را پوریوځی، د سکول ماشومان او زنانه او بیماران پکښې پوریوځی، زما دا درخواست دے چې په دغې باندې د د Wooden پل منظوری ورکړې شی د لرګو، څنګه چې مخکښې وو (تالیاں) ځکه هغه دریاب، سیند پنجکوړا وړی دی او د دې سره سره مې دا درخواست هم دے چې په واړئ سب ډویژن او تحصیل خال کښې کوم باران او برلئ چې شوې ده، د هغې د وجې نه ټول لنک روډونه چې هغه ټول بند شوی دی، چې هغه یونین کونسل شیر پلم کښې، په تورمنګ کښې۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب بہرام خان نو زمونږه کوم روډونه چې اوس په دغه حلقه کښې د طوفان او د برلئ د او د ملبو، چې باران ملبې راوړې وی چې په هغې کښې د روغانو درې روډ، د شیر فلم، تورمنګ دره، کارو دره، نیاګ دره، سلطان خیل بالا دره، اوسوړئ دره چې د هغې روډونه اوس هم د ملبو د وجې نه بند دی او هلته کښې هغه ملبې صفا نه شوې، خلق اپنی مدد آپ باندې لګیا دے خو د هغوی پرې څه وس نه ورځی، دغه خلق اوس هم دس او پندره کلومیټر پیاده ځی، زما دی ذمه دارانو کسانو ته درخواست دے چې د ملاکنډ ډویژن کمشنر ته او د دیر بالا ډی سی ته د اووئیلې شی چې هلته کښې ټریکټرې اولیږی، هلته کښې نور دغه اولیږی او هغه روډونه آزاد کړې شی، هغې ملبې لرې کړې شی، هلته کښې د خلقو زندګی په هغه پخوانی دور، ټائم باندې راشی۔ زه د سپیکر صاحب او د دې

ټول ایوان د ممبرانو صاحبانو شکریه ادا کوم چې هغوی ماله ټائم راکړو۔
والسلام۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب سے گزارش کرتاہوں کہ ملک صاحب کو اگر کوئی Reply ہو سکے تو۔

جناب سراج الحق {(سینیئر وزیر (خزانہ)}: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! دو معزز ممبران اسمبلی نے بات کی ہے، ایک محترم خٹک صاحب نے کرک میں طوفان کے حوالے سے کہ وہاں پر بجلی کے کھمبے جو ہیں، وہ گر گئے ہیں اور طوفان نے کئی گھروں کو نقصان پہنچایا ہے اور لوگ متاثر ہو گئے ہیں اور ملک بہرام خان نے بھی ایک پل ٹوٹنے کی بات کی ہے، جس سے لوگ بھی گر گئے ہیں اور شہید بھی ہو گئے ہیں، پانچ افراد شہید ہو گئے ہیں۔ تو میں عرض کرنا چاہتاہوں کہ کرک کے ڈی سی او کو ہم یہاں سے پیغام دیتے ہیں کہ وہ فوری طور پر ایکسیئن کو ساتھ لیکر وزٹ کرلیں اور جتنی بھی تاریں خراب ہو گئی ہیں، ایمرجنسی بنیادوں پر ٹھیک کرلیں، جو نقصانات ہو گئے ہیں، ان کا Estimate بنا کر اگر وہ خود نہیں دے سکتے تو فوری طور پر کیس بنا کر صوبائی حکومت کو بھیجیں۔ اور جناب ملک بہرام صاحب کے حلقے میں جو نقصان ہوا ہے تو وہاں بھی ڈی سی او Responsible ہے اور کمشنر بھی، کہ فوری طور پر وہاں پر اپنے عملے کو بھیجیں اور جو رسی ٹوٹ گئی ہے، اس کا تو فوری طور، دونوں علاقے ایک دوسرے سے بالکل دریا کی وجہ سے جدا ہو رہے ہیں، لوگوں کا آنا جانا مشکل ہو گیا ہے، تو جناب سپیکر! جہاں تک پل کی تعمیر ہے، وہ تو ان شاءاللہ تعالیٰ مستقل بنیادوں پر کی جائیگی لیکن فوری طور پر اس کی مرمت کا حکم صوبائی حکومت دیدیتی ہے اور باقی جو لوگ اس میں شہید ہو گئے ہیں تو ان کے حوالے سے بھی ضلعی انتظامیہ کو یہاں سے Advice ہم کرتے ہیں کہ ان کا کیس بھی بنا کر ہمیں بھیجے تاکہ ان کو صوبائی حکومت، اس کی تلافی تو نہیں ہو سکتی ہے لیکن کم از کم وہ ایک معاوضہ دیا جائیگا ان شاءاللہ تعالیٰ صوبائی حکومت کی طرف سے۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: عارف یوسف صاحب، پلیز۔ یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات): جناب سپیکر، اسی قسم کے سیلاب یا خدانخواستہ Earthquake یا اس قسم کے Disasters کیلئے PDMA جیسا ادارہ بنایا گیا جو پہلے اس کی جو Activity تھی، وہ Confined تھی صرف ملاکنڈ ڈویژن تک لیکن ابھی وہ پورے صوبے پر Extend کر دی گئی ہے، چاہے کوئی سیلاب ہو، کوئی پل ٹوٹ جائے یا کوئی، جیسے Suspension bridge یا کچھ ہو تو ادھر PDMA کا کوئی نہ کوئی نمائندہ بیٹھا ہوگا، I am sure اگر نہ بھی بیٹھا ہو تو Concerned جو Civil servants بیٹھے ہیں، ہم ان تک یہ چیز پہنچائیں گے تاکہ فوری طور پر اس مسئلے کو حل کیا جائے اور ان کے پاس فنڈز بھی ہیں اور اسی مقصد کیلئے یہ محکمہ بنایا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ جناب عارف یوسف ایڈوکیٹ، پلیز۔

جناب عارف یوسف: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ میرا سوال منسٹر ہائر ایجوکیشن سے ہے کہ 15 فروری 2013 کو جی ایک ہی شخص کو عبدالولی خان یونیورسٹی مردان اور اسی دن اسلامیہ یونیورسٹی پشاور کا وائس چانسلر بنایا گیا ہے، کیا پشاور میں کوئی ایسا پروفیسر یا ایسا کوئی شخص نہیں تھا کہ Sixty kilometers کے اندر ایک ہی شخص کو دو یونیورسٹیوں کا وی سی بنایا گیا ہے جی، اور دوسرا یہ جی کہ اسی وی سی نے اپنے گھر میں Election campaign کے دوران میٹنگز بلائی ہیں اور جلسے بھی کئے ہیں، باقاعدہ اس کا میرے پاس Full record اور Proof موجود ہے اور اس وقت جو پشاور یونیورسٹی، اسلامیہ یونیورسٹی ہے، وہ 200 ملین Deficet میں جا رہی ہے جی اور وہاں پر وہ ابھی تک، 15 فروری سے اب تک تقریباً 200 لوگوں کو بھرتی کر چکے ہیں جی اور سب سے عجیب بات یہ ہے کہ ابھی بھی بھرتی جاری ہے، اتنی ایمرجنسی اس وی سی موصوف صاحب کو ہے کہ ابھی بھی اس میں بھرتیاں ہو رہی ہیں اور کل اتوار کے دن بھی اس میں انٹرویو ہوئے ہیں جی اور اس میں سب سے عجیب بات یہ ہے کہ اسی وی سی موصوف صاحب نے ایک گرلز کالج میں ایک مرد پروفیسر کو وہاں کا پرنسپل مقرر کیا ہے۔ اور اس کے علاوہ خود ہی انہوں نے اپنا نوٹیفیکیشن بھی کیا ہے اور دو ڈیپارٹمنٹس کا، اپنے ڈیپارٹمنٹس میں اپنا ہی نام دیکر خود کو چیئرمین بنایا ہے جی۔ یہ خود جو ہیں، آرکیالوجی کے پروفیسر ہیں اور موصوف نے فزکس کے چیئرمین کیلئے اپنا ہی نام لکھ کے چیئرمین بنا دیا ہے جی اور دوسرا ڈیپارٹمنٹ آف اردو کا بھی چیئرمین ہیں اس وقت، بیک وقت وہ چار جگہ کام کر رہے ہیں جی، دو

یونیورسٹیوں کے وی سی بھی ہیں بیک وقت اور دو ڈیپارٹمنٹس کے چیئرمین بھی ہیں اور اتنی سپیڈ میں وہاں بھرتیاں ہو رہی ہیں کہ اس میں اتوار بھی نہیں دیکھا، کوئی دن بھی نہیں دیکھا گیا، 15 فروری سے ابھی تک انہوں نے مسلسل میرے خیال میں اگر انہیں Count کیا جائے، میرے پاس ان کا مکمل Proof موجود ہے، کم از کم ابھی تک کوئی ساڑھے تین سو چار سو بھرتیاں کر چکے ہیں اور ابھی اور بھی کر رہے ہیں جی۔ یہ میرا ایک سوال ہے، اگر اس کا جواب دیں۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Mushtaq Ghani, for reply please.

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر! یہ کوئسچن تو نہیں ہے، یہ پوائنٹ آف آرڈر پہ انہوں نے بات کی ہے اور جس میں بہت زیادہ انہوں نے الزامات لگائے ہیں اور اس کیلئے تو ایک کوئسچن کی ضرورت ہے تاکہ اس کو Concerned department کو بھیجا جائے اور اس کے سارے معاملات کو دیکھا جائے۔ جیسے یہ کہتے ہیں کہ دو یونیورسٹیز کے چانسلز ہیں، یہ تو خیر ہم سے پہلے پچھلی 15 فروری کو ہوا، اس کو بھی ہم ضرور دیکھیں گے اور جو انہوں نے یہ کہا کہ وہاں پہ اپوائنٹمنٹس ہو رہی ہیں، اب یہ چونکہ یونیورسٹی کا Internal معاملہ ہے اور یہ بھی ہمیں دیکھنا ہو گا کہ کیا وہ رولز ریگولیشنز کو مد نظر رکھ کے اپوائنٹمنٹس کر رہے ہیں یا اس کو Violate کر کے کر رہے ہیں؟ لیکن ایک جو پوائنٹ انہوں نے یہ بتایا کہ وہ دو ڈیپارٹمنٹس کے چیئرمین بھی ہیں اور دو ڈیپارٹمنٹس کی Recruitment Committees جو بنی ہوئی ہیں For appointment، ان کی سب کمیٹی کے بھی وہ ممبر ہیں، تو یہ چیز دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ VC of the same university can set a sub-committee of that university for appointment purpose? تو یہ Enterprise detail investigation, so, I will request the honourable Member کہ وہ ہمیں ایک فریش کوئسچن دیں اور ہم اس کی ڈیٹیل پھر اس عرصے میں لے کے آجائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ عارف یوسف صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ Written میں جو ہے، اپنا ایک Written میں دیں تاکہ آپ کو Properly جواب دیا جائے۔

جناب عارف یوسف: جناب سپیکر! اس کا Urgent matter جو ہے، وہ میں ان شاءاللہ بنالوں گا لیکن Urgent matter اس میں یہ ہے کہ فی الفور یہ جو بھرتیوں کیلئے آجکل انٹرویوز ہو رہے ہیں، ان کو بند کیا جائے اور جو پرانی ہیں، ان کو Null and void کیا جائے، وہ بھی ٹھیک ہے لیکن فی الفور جو آجکل بھرتیاں کر رہے ہیں بغیر کسی رولز ریگولیشنز کے اور جس میں اتوار کا دن بھی نہیں دیکھا، ٹائم بھی کوئی نہیں دیکھا جارہا، ان کو فی الحال Immediately بند کیا جائے جی، پھر آگے جو Procedure ہے، کمیٹی کو بھیجا جائے، کمیٹی اس کے اوپر باقائدہ اپناوہ کرے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ نماز کا وقفہ کر لیتے ہیں، اس کے بعد ان شاءاللہ پھر Continue کریں گے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کاروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ، پلیز۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، بہت شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، یہ اسمبلی کا جتنا بھی یہاں پہ سٹاف ہے، میں آپ کے توسط سے فنانس اور وزیر اعلیٰ صاحب نے چونکہ یہاں پہ ان کیلئے اضافی تنخواہوں کے جو بھی اعلانات کئے تھے جناب سپیکر صاحب، اور میری سیکرٹری فنانس سے خود بات بھی ہوئی تھی اور انہوں نے کہا تھا کہ ہم 28 جون تک اس کو کر دیں گے لیکن جناب سپیکر صاحب، ہمارا یہ اسمبلی کا سٹاف اور یہاں پہ جتنے بھی ہمارے لوگ ہیں، سپیکر صاحب کیلئے، چیف منسٹر صاحب کیلئے، ہم سب لوگوں کیلئے دن رات کام کرتے ہیں، اس بات سے اندازہ لگائیں کہ رات کو دو بجے جاتے ہیں اور صبح چھ بجے پھر گھروں سے روانہ ہو جاتے ہیں اور یہاں پہ آکر سات بجے اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے لگتے ہیں، تو جناب سپیکر صاحب، سندھ اسمبلی نے اپنے سٹاف کیلئے تین تنخواہوں کا اضافی اعلان کیا ہے، اگر وہ نہیں ہے تو ان کیلئے جو اعلانات چیف منسٹر صاحب نے کئے ہیں تو جناب سپیکر صاحب، کیونکہ یہ ڈائریکٹ آپ کے اور ہمارے سپیکر جو اسد قیصر صاحب ہیں، یہ ان کا سٹاف ہے تو جناب سپیکر صاحب، ان لوگوں کیلئے یہاں پہ کوئی رولنگ دیں فنانس والوں کو، کیونکہ فنانس والے بار بار باوجود اس کے کہ میری ان سے آٹھ نو دس دن پہلے بات ہوئی ہے لیکن ابھی تک وہ فائل گردش ہی میں ہے، اور دوسرا جناب سپیکر صاحب، ایک دوسری بات ہے کہ نوشہرہ والی بات

میں نے کی تھی، وہ جس لڑکی کے چہرے پہ تیزاب (پھینکا گیا) تھا تو وہاں سے مجھے یہ جواب آیا تھا، منسٹر ہیلتھ نے کہا تھا کہ ان کو ہم نے ہاسپٹل میں بھی Hospitalise کیا ہے اور ان کو ہم نے پانچ لاکھ روپے کا چیک بھی دیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، پھر میں نے دوبارہ ان لوگوں سے بات کی تو میں یہ سمجھتی ہوں، اب مجھے نہیں پتہ کہ انہوں نے چیک کس کو دیا ہے؟ لیکن وہ چیک جو ہے یا وہ پیسے جو ہیں، وہ ابھی تک اس لڑکی کو جس پہ تیزاب پھینکا گیا ہے جناب سپیکر صاحب، اس کو ابھی تک نہیں ملا۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ بیچاری بے یار و مددگار ہے۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ ایک اور جو سیکشن ہے جو کہ ان تشدد کے واقعات جیسا کہ تیزاب کے متعلق، تو اس کیلئے قومی اسمبلی نے ایک ایکٹ پاس کیا تھا جس میں کہ سخت سے سخت ایکشن جو کہ Non bailable ہوتا ہے، وہ لگایا جاتا ہے، Violence against women جو ہے، تو اس کیلئے یہ سخت قانون لگایا جاتا ہے جبکہ وہ دونوں دفعات جو Non bailable دفعات ہیں، وہ نہیں لگی ہیں اور Bailable صرف ایک دفعہ لگا کے پولیس نے اپنی جان چھڑائی ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، 51% کی ہم بات کرتے ہیں، ہمارے سینیئر منسٹر سراج الحق صاحب بات کرتے ہیں، ہمارے لئے الگ اسمبلی کی بات کرتے ہیں، ہم ان کے شکر گزار ہیں کہ وہ ہمارے لئے اتنا سوچتے ہیں تو ہماری اسمبلی تو بعد میں بنے گی، پہلے ان عورتوں کو اگر ہم لوگ انصاف فراہم کر دیں اور ان لوگوں کا میرٹ پہ کام ہے تو اگر وہ ہو جائے تو جناب سپیکر صاحب، آپ کی بہت مہربانی ہو گی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ جی۔

<u>جناب جعفر شاہ:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی جعفر شاہ صاحب، پلیز۔

<u>جناب جعفر شاہ:</u> تھینک یو، جناب سپیکر۔ وقفہ سے پہلے یونیورسٹیز کی بات ہو رہی تھی تو میں ایک اچھی بات کہنا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ شکریہ ادا کرتا ہوں ہائر ایجوکیشن کا، جو ایڈوائزر صاحب بیٹھے ہیں یہاں پہ، کہ وائس چانسلر انجنیئرنگ یونیورسٹی اور میڈیکل یونیورسٹی پشاور کہ وہ اس سال جو انٹری ٹیسٹ ہیں مالاکنڈ ڈویژن کیلئے، وہ سوات میں وہ ٹیسٹ لیں گے تو اس سے طلباء و طالبات پوری کمیونٹی کو بہت آسانی ہو گی، تو ایک تو یہ میں اسمبلی فلور پہ بتانا چاہتا تھا۔ دوسری بات ایک اہم نکتے کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ریسکو 1122

،ابھی میری معلومات کے مطابق پچھلے تین مہینے سے، بلکہ چار مہینے سے جو Qualified director جس کیلئے ایک ایکٹ کی منظوری دی تھی Previous Assembly نے، تو اس میں ڈائریکٹر کیلئے ایک Qualification رکھی ہوئی تھی تو ابھی اس کا کوئی ڈائریکٹر نہیں ہے اور یہ بہت Important ادارہ ہے، ابھی سیلاب کے دن آنے والے ہیں تو میری سینئیر منسٹر صاحب سے اور سراج صاحب سے Specially میری ریکویسٹ ہوگی، یوسف ایوب صاحب سے کہ اس چیز پہ یہ غور فرمائیں اور اس کے ڈائریکٹر کی جلداز جلد تقرری فرمائیں، جو Qualification اس ایکٹ میں Under Section 10 دی ہوئی ہے تو یہ میڈیکل گریجویٹ ہو اور اس معیار پہ پورا اترتا ہو، تو یہ چیز بہت ضروری ہے کیونکہ تین مہینے سے وہ Acting charge پہ چل رہا ہے۔ تو میرے خیال میں اس کیلئے Full time جو Idea تھا کہ Full time اس کیلئے ڈائریکٹر کی تقرری جلداز جلد فرمائی جائے۔ مہربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، جعفر شاہ صاحب۔ جناب شاہ حسین صاحب، Sorry، محمد علی شاہ صاحب۔

سید محمد علی شاہ: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، زه یو مسئله دلته دغه کومه زمونږه Reclamation workshop چې کوم دے جی، ګورنمنټ ورکشاپ د ټرانسفارمر مرمت کیدو د پاره جی، هغه صرف په نوښار ضلع کښې دے جی، زما ګورنمنټ نه هم، دا سراج صاحب هم ناست دے، زمونږ په ملاکنډ ډویژن کښې چې څومره، دا ایم پی ایز به ما سره متفق وی جی، چې څومره ټرانسفارمرې نن سبا Damage کیږی، هغه ټول لوډ په یو نوښار باندې دے نو زما دا یو ریکویسټ دے چې که تاسو چیف ایګزیکټیو پیسکو ته دا دغه اوکړئ چې یره پرائیویټ ورکشاپ، Reclamation workshop چې کوم وی جی د ټرانفارمر د مرمت د پاره، هغه په بنوں کښې شته دی، په پیښور کښې شته، Government criteria باندې هغه پوره دی، نور پرائیویټ ورکشاپس دی خو Payment ورته واپډا کوی جی، نو زما دا یو ریکویسټ دے چې په ملاکنډ ډویژن کښې د چکدرې په مقام باندې دا ورکشاپ جوړ شی، پرائیویټ ورکشاپ جی، نو یو خو به په نوښار ورکشاپ باندی دا لوډ کم شی جی او کم از کم زمونږ د ملاکنډ ډویژن چې څومره ضلعې دی جی، هغوی د ټرانسفارمرو د مرمت کیدو دا مسئله به زمونږ حل شی جی۔ نو زما دا یو ریکویسټ دے جی چې که تاسو

چیف ایگزیکټیو پیسکو ته اووایئ چې Private reclamation workshop جوړ شی د چکدرې په مقام، بونیر ته هم چکدره اسانه ده جی، ملاکنډ ایجنسئ ته هم دغه چکدرې د مقام رسائی اسانه ده جی، دیر ته هم اسانه ده، سوات ته هم، نو دا یو Main centre دے چکدره جی، نو که په دغه چکدرې په مقام دا Reclamation wokshop جوړ شو پرائیویټ جی او هغه بیا Government criteria پوره کوی جی، صرف Payment ورته واپډا کوی۔ نو زما دا یو ریکویسټ دے چې یره که چیف ایگزیکټیو پیسکو ته تاسو دغه اوکړو چې د چکدرې په مقام باندې دا ورکشاپ جوړ شی جی۔ مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ جی۔

<u>جناب مظفر سید</u>: جناب سپیکر صاحب، زه یو خبره کوم۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مظفر سید، پلیز۔

<u>جناب مظفر سید</u>: جناب سپیکر صاحب، شکریه۔ باچا صاحب چې کومه خبره اوکړه، زه غواړم دا چې زه ستاسو د دې ټول هاؤس تعاون غواړم او د دې سراج صاحب رهنمائی په دیکښې غواړو چې دا واقعی ډیره اهمه مسئله ده، سنګینه مسئله ده۔ په دې وخت کښې د وولټیج او په دې وخت کښې د ټرانسفارمر د سوزیدو دا یو داسې Burning issue ده چې په دې وخت کښې هر کور د دې نه په تکلیف کښې دے، که دا ورکشاپ واقعی دغلته جوړ شی نو د دې ټول ملاکنډ ډویژن لویه مسئله حل کیږی۔ جناب سپیکر صاحب، دا اهمه مسئله ده او ضروری هدایات د په دیکښې جاری کړے شی۔

(تالیاں)

<u>Mr Deputy Speaker</u>: Ji, Siraj Sahib, please reply.

<u>جناب سراج الحق {(سینیئر وزیر (خزانہ)}</u>: محترم سپیکر صاحب! جس طرح معزز ممبران نے بات کی ہے، اس وقت میرے خیال میں پورے صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ ٹرانسفارمر کا ہے۔ کل مجھے ایک معزز ممبر نے بتایا کہ اب تک ان کی اپنی جیب سے اپنے حلقے میں کوئی 28 لاکھ روپے ٹرانسفارمر کی مرمت پر خرچ ہوئے ہیں، اب ظاہر ہے کہ ہر ممبر تو اس طرح کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا ہے اور پھر خاصکر سوات بونیر اور یہ جو اپر

دیراور چترال، یہاں جو ٹرانسفارمر خراب ہو جاتے ہیں تو اس کو ٹھیک کرنے کیلئے نوشہرہ لایا جاتا ہے۔ جناب سپیکر، کل میرے حلقے میں کوئی آٹھ ٹرانسفارمر خراب ہو گئے، آٹھ، اور پورا علاقہ اندھیرے میں، ایک زبردست مشکل سے، تو ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر اور ایسی جگہوں پر اس کی ورکشاپ تو ہونی چاہیئے جہاں پر لوگوں کیلئے آسانی ہو لیکن اس وقت چونکہ جس طرح محمد علی شاہ باچا اور مظفر سید ایڈوکیٹ نے کہا ہے، چکدرہ کے مقام پر یہ ایک پرائیویٹ ورکشاپ بالکل تیار ہے، ان کے ساتھ ایگریمنٹ ضروری ہے کہ ہو جائے تاکہ ان کیلئے آسانی ہو، کم از کم یہ جو چار پانچ اضلاع ہیں، باجوڑ سمیت، اس علاقے سے ان پانچ اضلاع کو فائدہ ہو گا۔ تو میں سپورٹ کرتا ہوں ان کو بھی اور آپ سے بھی یہی توقع ہے کہ آپ بالکل اس میں اپنی آواز شامل کرلیں تاکہ عوام کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہو جائے۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میرا خیال ہے، پرسوں I think کہ ان کے چیف ایگزیکٹیو آئیں گے، تمام پارلیمانی لیڈرز سے ریکویسٹ ہے کہ وہ مل بیٹھ کے ان شاءاللہ اس پہ کوئی بات کرلیتے ہیں۔ پھر جی گیارہ بجے یہاں پہ جو ہے تو صوبائی اسمبلی میں بدھ کے روز چیف ایگزیکٹیو یہاں آئیں گے تو آپ سب سے استدعا ہے، Specially پارلیمانی لیڈرز سے۔

مسئلہ استحقاق

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Madam Uzma Khan, MPA, to please move her privilege motion No. 1, in the House. Madam Uzma Khan.

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ گزشتہ دور میں مختلف اخبارات میں روزانہ کی بنیاد پر خیبر بینک انتظامیہ کی طرف سے صوبہ بلکہ ملک بھر میں بینک آف خیبر کی نئی برانچوں کے قیام کو مشتہر کیا جارہا ہے جن کی تعداد تقریباً تا حال 70 برانچز تک پہنچ گئی ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑھ رہا ہے کہ صوبائی اسمبلی کے اجلاس، منعقدہ مورخہ 13-01-2011 کو قرارداد نمبر 430 متفقہ طور پر پاس کی تھی جس میں ضلع دیر پائین کی تحصیل ثمرباغ میں خیبر بینک کی نئی برانچ قائم کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ چونکہ تحصیل ثمرباغ کی حدود میں کثیر آبادی آباد ہے جس کیلئے صرف حبیب بینک کی ایک برانچ ناکافی ہے۔ مذکورہ

Unanimously passed قرارداد کے جواب میں محکمہ خزانہ کی طرف سے تحصیل ثمر باغ میں خیبر بینک کی نئی برانچ قائم کرنے سے معذوری ظاہر کی گئی ہے اور یہ تاویل دی ہے کہ چونکہ تیمر گرہ میں خیبر بینک کی اسلامک شاخ پہلے سے ہی کام کر رہی ہے جو ثمر باغ سے 36 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے لیکن تقریباً ایک سال گزرنے کے باوجود قرارداد پر عمل نہیں کیا گیا، حالانکہ صوبائی اسمبلی کے قواعد انضباط و طریقہ کار 1988 کی دفعہ 135 کے تحت کہ "اگر ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی جائے تو صوبائی کابینہ پر آئین کے آرٹیکل 130 کی شق (4) کے تحت لازم ہوگا کہ وہ اپنی اجتماعی ذمہ داری کے طور پر اس قرارداد پر عمل درآمد کرے۔" صوبائی محکمہ خزانہ اور خیبر بینک انتظامیہ کی طرف سے صوبائی اسمبلی کی Unanimously passed قرارداد پر تاحال مکمل عمل درآمد نہ کرنے اور محکمہ خزانہ کی طرف سے دو سطری جواب سے نہ صرف میرا بلکہ سارے ایوان کا استحقاق مجروح کرنے کے مرتکب ہوئے ہیں، لہذا صوبائی حکومت قرارداد نمبر 430 پر فوری عمل درآمد کر کے تحصیل ثمر باغ میں خیبر بینک کی شاخ قائم کرنے کیلئے ضروری اقدامات کرے اور ذمہ دار افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔

جناب سپیکر! ڈیٹیل تو میں نے کافی پڑھ لی لیکن ہمارے علاقے میں جناب سپیکر، 36 کلومیٹر کے فاصلے پر یہ (خیبر بینک) ہے اور وہ پہاڑی علاقہ ہے۔ جناب سپیکر، 36 کلومیٹر اگر پشاور میں کچھ نہیں لیکن وہاں پر ایک بہت بڑا فاصلہ ہے اور جناب سپیکر، یہ کوئی عذر نہیں ہے، آپ پشاور میں دیکھیں، قدم قدم پر خیبر بینک کی کتنی برانچز ہیں اور 70 اس کے بعد، اس قرارداد کے بعد 70 نئی برانچیں بنائی گئیں لیکن صرف یہ ایک جو میں نے Propose کی، وہ نہیں بنائی گئی جناب سپیکر، تو میری سراج الحق صاحب سے ریکویسٹ ہوگی اور انہی کا حلقہ بھی ہے تو Kindly اگر وہ سپورٹ کریں گے تو I will be very thankful۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب سراج الحق صاحب پلیز۔

<u>جناب سراج الحق {(سینیئر وزیر (خزانہ)}:</u> محترم سپیکر صاحب! یہ گزشتہ اسمبلی کی ایک قرارداد ہے متفقہ طور پر، اور میں محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ کے موقف کی تائید تو کرتا ہوں، بس اتنا ہے کہ ہماری اس قرارداد کے بعد محکمہ خزانہ نے سٹیٹ بینک کو وہ قرارداد بھیجی ہے اور اس قرارداد سے ان کو آگاہ بھی کیا گیا ہے

اور اب وہ پابند ہے کہ اس قرارداد پر عمل درآمد کرلے، تو میں سمجھتا ہوں کہ سٹیٹ بینک سے خود خیبر بینک نے بھی اجازت مانگی ہے کہ اس قرارداد کی روشنی میں بمقام ثمر باغ ہمیں ایک نئی برانچ کھولنے کی اجازت دی جائے تو جیسے ہی اس نے اجازت دی تو محکمہ خزانہ اور خیبر بینک اس مشترکہ قرارداد پر عمل درآمد کرانے کے پابند ہیں، اس کی نہ مخالفت کی ہے، نہ اس سے روگردانی کی ہے اور جس طرح اس فیصلے کا رخ ہے، اسی طرح سٹیٹ بینک کے ساتھ ہمارے خیبر بینک نے بھی اور محکمہ خزانہ نے یعنی کاغذات بھیجے، قرارداد بھی بھیجی اور امید ہے ان شاءاللہ تعالیٰ کہ جلد از جلد اس پر عمل ہو جائے گا۔ البتہ میں محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی تحریک استحقاق واپس لیں کیونکہ Already یہ مسئلہ Under process ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب! چونکہ یہ ریزولیوشن Unanimously adopt ہوئی تھی، تقریباً ایک مہینے بعد ایک لیٹر مجھے ملا، اس میں Clearly یہ لکھا گیا تھا اور جب میں یہ پریولیج موشن Submit کر رہی تھی تو میں نے وہ Page بھی ساتھ Attach کیا تھا جو مجھے ملا تھا۔ وہ محکمہ خزانہ کی طرف سے جواب تھا اور اس میں یہی لکھا تھا کہ ہم اس پر عمل نہیں کر سکتے کیونکہ 36 کلومیٹر کے فاصلے میں ایک برانچ موجود ہے۔ انہوں نے Clearly مجھے یہ Answer دیا تھا جناب سپیکر، اس کے بعد اسمبلی Dissolve ہو رہی تھی، وہ ٹائم ایسا تھا، پریولیج موشن تب سے میں نے سیکرٹریٹ میں جمع کرائی لیکن فلور پر آج آئی ہے جناب سپیکر، مجھے Clear جواب دیا گیا ہے کہ ہم یہ نہیں Implement کر سکتے اور یہ پیپرز میں نے جمع کرائے، سیکرٹریٹ کے پاس ہونگے، میں نے یہ پریولیج موشن کے ساتھ دیئے بھی تھے جناب سپیکر۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): زہ یو خبرہ کوم جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر، پلیز۔

وزیر قانون: سر، محترمہ کا جو Version ہے، وہ اپنی جگہ پر بالکل درست ہے لیکن اس میں سر، اس کے بعد Latest development یہ ہوئی ہے کہ آپ کی جو قرارداد تھی، اس کے Follow up میں Initially انہوں نے صرف اس وجہ سے Resist کیا تھا کہ جو Local level تھا، انہوں نے کہا کہ

Already وہاں اسلامک بینک کی ایک شاخ موجود ہے اور باقی جوان کا ایک Criteria ہوتا ہے، اس پر وہ پورا نہیں آرہا تھا لیکن چونکہ انہوں نے دوبارہ اس پر پھر پریویلج موشن موؤ کی تو محکمہ خزانہ نے، چونکہ بینک آف خیبر اپنا ایک طریقہ کار ہے، Mechanism ہے اور وہ ایک حد تک خود مختار ہے لیکن اسمبلی کی قرارداد کا لحاظ رکھتے ہوئے اور ان کی وہ پریویلج موشن، انہوں نے دوبارہ اس میں لیٹر کیا ہے اور ان کو کہا ہے کہ In any case آپ Approval کیلئے سٹیٹ بینک کو بھجوائیں اور وہاں سے منظوری کے بعد ہم اس کیلئے Arrangements کریں گے اور اس کا جو Subsequent letter ہے، وہ بھی میرے پاس موجود ہے، اگر وہ دیکھنا چاہیں تو میں ان کی تسلی کیلئے بھجوادیتا ہوں اور میری یہ گزارش ہوگی کہ چونکہ پریویلج موشن بھی، ابھی تک آپ کی کمیٹیاں بنی ہی نہیں ہیں، تو ویسے بھی مسئلہ تو Highlight کرنے کا تھا، وہ یقیناً Highlight ہو چکا ہے اور اس پر ایکشن بھی ہو چکا ہے تو میری یہ گزارش ہوگی کہ اس پر زور نہ دیا جائے۔ تھینک یو جی۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب! منسٹر صاحب ایشورنس دیتے ہیں اور مجھے کوئی ایسی کارروائی کے کوئی پیپرز بھی دکھا سکتے ہیں کہ واقعی یہ سٹیٹ بینک کے ساتھ یہ مسئلہ Tackle ہوا ہے تو یقیناً میں اسی یقین دہانی کے ساتھ پریویلج موشن واپس لیتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔

(تالیاں)

قراردادیں

Mr. Deputy Speaker: Mr. Muzaffar Said, MPA and Ms. Uzma Khan, MPA, to please move their joint resolution No. 12, in the House, one by one. Mr. Muzaffar Said Khan, please.

جناب مظفر سید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ چونکہ سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی محنت کش اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے محنت مزدوری کرتے ہیں اور ملک خداداد پاکستان کو اربوں ڈالرز کا زرمبادلہ بھیجتے ہیں۔ اس وقت سعودی عرب میں لیبر قوانین کے تحت لاکھوں پاکستانی بے روزگار ہوگئے ہیں جسکی وجہ سے سعودی عرب میں پاکستانی انتہائی شدید ذہنی اور مالی مشکلات سے دوچار ہیں، لہذا یہ

اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وہ سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی محنت کش مزدوروں کے ساتھ انسانی ہمدردی کا اظہار کرکے سعودی حکومت سے درخواست کرے کہ وہ ان مزدوروں کو وہاں کام کرنے کی اجازت دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ چونکہ سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی محنت کش اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے محنت مزدوری کرتے ہیں اور ملک خداداد پاکستان کو اربوں ڈالرز کا زرمبادلہ بھیجتے ہیں۔ اس وقت سعودی عرب میں لیبر قوانین کے تحت لاکھوں پاکستانی بے روزگار ہو گئے ہیں جسکی وجہ سے سعودی عرب میں پاکستانی انتہائی شدید ذہنی اور مالی مشکلات سے دوچار ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وہ سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی محنت کش مزدوروں کے ساتھ انسانی ہمدردی کا اظہار کرکے سعودی حکومت سے درخواست کرے کہ وہ ان مزدوروں کو وہاں کام کرنے کی اجازت دے۔

جناب سپیکر، خیبر پختونخوا میں اور پاکستان میں دہشت گردی کا مسئلہ اسی وجہ سے بڑھ گیا ہے کہ یہاں بے روزگاری زیادہ ہے، اور یہ ہزاروں کی تعداد میں پاکستانی وہاں سے پاکستان آئیں گے تو لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن بہتر نہیں ہو گی، مزید بھی خراب ہو جائے گی اور ویسے بھی جناب سپیکر، ہمارے دیہاتوں میں کوئی انڈسٹریل زون نہیں ہے، کوئی دوسرا کاروبار نہیں ہے، کھیتی باڑی ہے اور یہی جناب سپیکر، سعودی عرب کی کمائی کی طرف دیکھتے ہیں اور وہاں سے بھیجتے ہیں، تو میری گزارش ہو گی کہ یہ ایوان ہمارے ساتھ Unanimously یہ پاس کرے تو بہت اچھا ہو گا۔ تھینک یو، سر۔

Mr. Deputy Speaker: Law Minister Sahib, please for reply.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): بالکل سر، ہم سپورٹ کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

سینیئر وزیر (خزانہ): یہ مسئلہ ہمارے لئے بالکل بہت ہی اہم ہے اور اس خیبر پختونخوا میں جو بھی پیسہ ہے، سب سے زیادہ پیسہ ہمیں Foreign countries سے ہمارے مزدوروں کے ذریعے آتا ہے اور اس وقت ہماری مزدور برادری بالکل ایک عذاب سے گزر رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں، اس پر ہم نے نیشنل

اکنامک کونسل کے اجلاس کے دوران مسلم لیگ کے قائد جناب سرتاج عزیز صاحب سے بات کی تھی، پھر نواز شریف صاحب سے بھی اور ہمارا خیال تھا کہ ہم خیبر پختونخوا سے ایک پورا Delegation لیکر اپنے Foreign affairs کے منسٹر سے بھی بات کریں گے۔ بہر حال ان معزز ممبران نے جو قرارداد پیش کی ہے، ہم اس کی بھرپور تائید کرتے ہیں اور مرکز سے (تالیاں) بھی درخواست کرتے ہیں کہ اولین ترجیحات میں اس کو لے لیں، اس لئے کہ اگر ہمارے ان مزدوروں کو نکالا گیا تو یہاں ویسے بھی بدامنی ہے، کاروبار ٹھپ ہے، معیشت تباہ ہے، ادارے خراب ہوگئے ہیں، کارخانے بند ہوگئے ہیں تو ہمارے اوپر ایک غیر معمولی بوجھ اور آئے گا۔ تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ بالکل وقت کی آواز ہے کہ اس قرارداد کو متفقہ طور پر پاس کیا جائے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The resolution is passed unanimously.

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: بالکل سپیکر صاحب! وزیر خزانه صاحب هم په دې باندې خبره اوکړله او دا په سعودی کبنې تقریباً د ډیر زیات وخت نه دا معاملات شروع دی ځکه چې هلته کوم Employers دی چې هلته ورته کفیل وائی، بیا چې کوم Employees دی، زمونږ ملازمین چې دی او د خوش قسمتئ نه په سعودی کبنې او بیا GCC کبنې ډیر زیات Mainpower چې دے، افرادی قوت چې دے، هغه زمونږ د صوبې دے او زمونږ د دې وطن زیات انحصار هم په هغه Remittances باندې دے۔ سپیکر صاحب! مونږ د دې قرارداد په ذریعه باندې ډیر پرزور سفارش مرکزی حکومت ته په دې شکل باندې هم کوؤ چې هلته چې کومه مسئله ده، هلته خو یو د رهائش هم ډیره زیاته مسئله وی او بیا داسې وی چې اکثر زمونږ کوم Employees د دلته نه تلی وی، د هغې Employers په

ویزو باندې تلې وی خو چونکه هغوی سره هلته کار نه وی او Working ورسره داسې نه وی نو بیا هغوی نورو ځایونو کښې کار کوی۔ خواست دا دے، درخواست دا دے مرکزی حکومت ته چې ډیر په سنجیدګئ سره، ډیر په سختئ سره په سعودی عرب کښې چې زمونږ د صوبې ثومره خلق دے چې په دې بابله ورسره خبره اوکړی او زمونږ د دې صوبائی اسمبلئ نه سعودی حکومت ته هم زمونږ ډائریکټ دا درخواست دے چې که مونږه اوګورو دې وطن ته، دې ملک ته غیر مذهبه خلق چې دے، غیر مذهبه خلق چې دے، هغه ډیر زیات مالی مرستې کوی او بدقسمتی بیا دا ده چې کوم زمونږه مسلمان ملکونه دی یا چې کوم زمونږه اسلامی ملکونه دی، که مونږ هغه Calculated figures را واخلو نو ډیره لویه بدقسمتی ده او ډیره زیاته د خفګان خبره دا ده چې هغه اسلامی ملکونه چې دی، هغوی مونږ سره مالی مرستې چې دی، هغه ډیرې زیاتې کمې کوی نو خواست کوؤ، درخواست مو د سعودی حکومت ته ډائریکټ هم د دې فورم نه دے چې مهربانی د اوکړی چې تر ثومره حده پورې کیدے شی چې هغه Working class خلقو ته اسانتیا راشی نو زما یقین دا دے دا به زمونږ د صوبې سره ډیره زیاته مهربانی وی، سپیکر صاحب۔ شکریه۔

Mr Deputy Speaker: Thank you ji. Mr.Zareen Gul, MPA, to please move his resolution No. 3, in the House. Mr Zareen Gul.

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! ډیره شکریه۔ یہ صوبائی اسمبلی صوبائی اور وفاقی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ نیا ضلع تور غر اور سابق ضلع مانسہرہ سے ملحقہ صوبے کے زیر انتظام قبائلی علاقے کالا ڈھاکہ کی آئینی حیثیت میں 27 جنوری 2011 کو کی جانے والی تبدیلی کے بدلے وہاں کے عوام اور جرگہ مشران کی جانب سے حکومت کو 23 آئینی مراعات کے مشروط مطالبات پیش کئے تھے جو ملاکنڈ میں بھی رائج ہیں۔ اب صوبائی و وفاقی حکومت قبائل سے اپنے وعدوں کی پاسداری کرتے ہوئے ان 23 مطالبات کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کرے۔

محترم سپیکر صاحب، زه لږ د دې پس منظر ته تلل غواړم، د دې Background ته۔ سپیکر صاحب، دا Black mountain، دې ته انګریزانو به Black mountain وئیل، هندوستانیانو به دې ته 'کوه سیاه' وئیل، په هزاره ژبه

کښې دې ته کالا ډهاکه وائی او پښتانه دې ته تور غر وائی۔ محترم سپیکر صاحب! 1626 کښې چې کوم وخت کښې په هندوستان کښې د دهلی په تخت جهګړا راغله نو ملکه نورجهان او د هغې د وروړ آصف، شاه جهان د هغې وروړ په تخت کښېنولو، په هغه دوران کښې زمونږ قبائلی مشرانو د هغه حالاتو نه فائده اوچته کړه او په دغه علاقه کښې ډومانومې یو آرین حکمران هغه ئے د هغې ځائے نه بے دخل کړو او په دغه علاقه ئے قبضه اوکړله۔ د 1626 نه واخلې یو سل یو پنځوس سال مونږه اندرونی طور باندې د مغلو په وخت کښې خود مختیاره وو، بیا شل کاله مونږه د درانو په وخت کښې خود محتاره وو، پنځوس کاله مونږه د سکهانو په وخت کښې خود مختاره وو، سل کاله مونږه د انګریزانو په وخت کښې خود مختاره وو او څلور شپیته کاله د پاکستان په دغه وخت کښې مونږه اندرونی طور خود مختاره وو۔ جناب سپیکرصاحب، د انګریز سره زمونږه د جهګړو نه پس چې کله انګریز په مونږه دا الزام اولګولو چې مونږه سید اسماعیل شهید او سعید احمد شهید ہندوستانی مجاهدینو له مونږه پناه ورکړې ده، په هغې کښې انګریز د دې قبائلو خلاف یو Campaign ئےLaunch کړو چې هغه ته Black Mountain expedition وائی۔ د دې Lunch کولو په تناظر کښې بیا زمونږه د انګریز سره معاهدې اوشوې۔ دا یو کتاب دے چې Treaties Engagements and Sanads, Volume No. I, covered the period upto 1930, based on Mr. C.U.Achison, Compilation Pertaining to Tribal Areas and Formers States، دیکښې زمونږ پهلا معاهده چې ده، هغه په 9جنوری 1864مداخیل ترائب سره اوشوه۔ دویمه معاهده زمونږه 12جنوری1864کښې د حسن زئی ترائب سره اوشوه۔ دریمه معاهده د انګریز په 9 نومبر1888کښې د حسن زئی ترائب سره اوشوه۔ څلورمه معاهده 19اکتوبر 1888کښې اوشوه۔ پینځمه معاهده 29مئ 1891کښې حسن زئی، اکازئی د دواړو ترائبز سره اوشوه۔ شپږمه معاهده 3 جون 1891کښې مداخیل ترائب سره اوشوه۔ اوومه معاهده چې کوم ده، هغه 12جون 1891کښې چغرزئی ترائب سره اوشوه۔ د دې نه پس د بیسویں صدئ په شروعات کښې جناب سپیکرصاحب، د بیسویں صدئ په شروعات کښې مونږه له انګریز Locally دا اختیار راکړو چې تاسو به د دې علاقې نظام یو قبائلی جرګې په طرز باندې چلوئ او په هغه کښې

تاسو به د British India Territories چې کوم دے ، د هغې Violationبه نه کوئ۔ Raid به نه کوئ، حمله به نه کوئ او د بریټش انډیا دشمن به ځان سره نه ساتئ او اندرونی طور باندې به مکمل بااختیاره یئ، ستاسو فیصلې به خپلې وی۔ جناب سپیکرصاحب! بیا په 1926کښې چې میاں گل عبدالودود گل شهزاده د سوات راپاځیدو او هغهRulerئے تسلیم کړو انګریز، نو بیا زمونږه خدشات پیدا شو نو انګریز زمونږه ضامن شو او هغه میاں گل والئ سوات سره زمونږه یو معاهده اوشوه او مونږه له ئے دا Coverراکړو چې هغه به Encroachmentنه کوی د غې غاړې ته۔ جناب سپیکرصاحب! د 1935ایکټ چې نافذ شو، د British India Act, 1935 تحت چې کوم دے مونږه له ئے اندرونی طور باندې مکمل خودمختاری زمونږه تسلیم کړه۔ د پاکستان جوړیدو نه پس چونکه پاکستان چې جوړ شو14اگست 1947کښې نو هغه د 35 ایکټ نافذالعمل وو، د هغې تحت زمونږه خود مختاری تسلیم وه، د سن 56ء آئین کښې زمونږه ئے Frontier region کړو، FR، په سن 62ء آئین کښې Frontier region کړو-----

جناب ڈپٹی سپیکر: زرین گل صاحب! لږ مختصر، کوشش وکړئ۔

جناب زرین گل: جناب سپیکرصاحب! زه دا وایم چې کله زمونږ علاقه، دلته حالات خراب شو، په سوات یا په بونیر کښې د شریعت، نو مونږ ته گورنمنټ دا اووئیل چې تاسو خپله علاقه Sealکړئ چې دې غاړې ته دهشت گرد یا Insurgency ونشی۔ مونږه قبائل جرگه اوکړه او مونږه علاقه Seal کړه، Seal کړه، دSealکیدو نه پس دوئ وئیل چې بهئ تاسو سره څه Militants دی، مونږه اووئیل چې راشئ اوگورئ که په علاقې کښې تاسو ته، دوئ آپریشن Launch کړو د ایف سی او ملټری، آپریشن چې Launchکړو، مونږه د هغوی سره مکمل تعاون اوکړو قبائلو، چې کوم ځائے کښې چرته د دوئ شک وو، هلته کښې څه Tussle وو یا چرته Surrender کول وو۔ دوئ اووئیل چې مومن خان نومې یو سړے دے چې هغه دهشت گرد دے او هغه Wanted دے۔ مونږه لاړو هغه مومن خان سړے مونږه حواله کړو، هغه مونږه Surrender کړو۔ د هغې نه پس ئے وئیل

چې ستاسو د امداد د پاره مونږه دا فورس متعین کوؤ او چې حالات Set شی بیا به مونږه واپس شو، مونږه اووئیل چې ټهیک ده. چې کله فورسز کښیناستل نو فورس الټه زمونږه علاقه ئے بے عزته کړه، زمونږه په کورونو باندې ئے حملې اوکړې، زمونږه د چادر چاردیوارئ تحفظ ئے پامال کړو، زمونږه خلق ئے اونیول او بے گناه ئے جیلونو ته دننه کړل. حتیٰ زمونږه زنانه چې دی، هغه ئے راوښکلې او په هغوی باندې دهشت گردئ الزام اولگیدو. د هغې نه باوجود مونږه د هغې فورسز سره باقاعده تعاون کړے دے، مونږه یو Militant ته اجازت، زمونږه د دې نه مخکښې یو پټاس نه دے دغه شوے، یو سکول ته چې نقصان نه دے رسیدلے، د جینکو په تعلیم بالکل پابندی نه وه، یو سړک هسپتال جوړولو باندې بالکل پابندی نه وه، هر قسم مونږه د گورنمنټ سره تعاون کړے دے او د څه خبرې رکاوټ نه وو. بیا مونږه وزیر اعلیٰ صاحب رااوغوښتو په جرگه چې یره مرکزی حکومت او صوبائی حکومت دا فیصله کړې ده چې مونږه څه اصلاحات راولو، چې بهئ په دیکښې مونږ څه اصلاحات راولو. زمونږ د وزیر اعلیٰ صاحب، هغه وخت وزیرا علیٰ صاحب حیدر خان هوتی سره میټنگ اوشو، په هغه میټنگ کښې هغه دا دغه کړو چې یره مونږه فیصله کړې ده وفاقی او صوبائی حکومت چې اصلاحات راولو، تاسو د کمشنر سره کیښنئ او ستاسو چې څه سفارشات دی، مطالبات دی، هغه پیش کړئ. د کمشنر سره په دې خبره بحث کیدو کیدو، اخر مونږه په هغې کښې جوړ نه شو، بیا دوئ یو Dummy جرگه لس رکنی جوړه کړه او هغه چې کوم دے، هغه خو زمونږ د قوم دا مطالبه وه چې دا درویشت مطالبات چې دی، مونږ خپل د علاقې اختیار Surrender کوؤ لیکن مشروط دی د دې 23 مطالباتو سره. جناب سپیکر صاحب! هغوی اومنله، د هغې مطالباتو لسټ ما سره شته لیکن علاقه کښې تهانې رائج کړې، Laws ئے راباندې راوستل او قبضه ئے اوکړه په علاقې لیکن زمونږه هغه مطالبات اوسه پورې د هغې نوټیفیکیشن، 27 جنوری 2011 صدر پاکستان آصف علی زرداری د دې ملک قبائلی نظام ختم کړو، 10 فروری 2011 صوبائی حکومت دې له د ضلعې درجه ورکړه. مونږه دا وایو چې د دواړو نوټیفیکیشن کاپئ مونږه سره پرتې دی، د ضلعې هم او د دې رعایت کولو هم، لیکن افسوسناکه خبره دا ده

چې د انګریز کله زبانی معاهدې به کیدې، هغه به په خپل ځائے ولاړې وې او د دوئ چې کوم دے نو زمونږ سره ئے تحریری معاهدې کړې دی او اوسه پورې د هغې څه جواب نشته۔ محترم سپیکر صاحب! زه تاسو ته هغه 23 مطالبې چې دی، هغه زه تاسو اوروم چې هغه څه دی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر پلیز۔

وزیر قانون: میری گزارش ہوگی آنریبل ممبر صاحب سے کہ یہ جو قرارداد لائے ہیں، ہم ان شاءاللہ اس کو سپورٹ کرتے ہیں، تو اسکو ووٹ کیلئے Put کریں، مرکزی حکومت کو Recommendation ہے کیونکہ پھر آگے بھی ایجنڈا ہے، اسکو Windup کرنا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against is may say' No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The resolution is passed unanimously.

(Applause)

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب، زه ستا سو شکریه ادا کوم۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Ms. Uzma Khan, MPA, to please move her resolution No. 31, in the House.

جناب سورن سنگھ: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر پر ایک بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ ذرا اس اسکے بعد، پھر آپ بات کرلیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ عظمیٰ خان: چلیں سر، دیدیں۔ دیدیں، چلیں دیدیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

جناب سورن سنگھ: جناب سپیکر صاحب، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ کی نظر عنایت مجھ پر پڑی اور آپ نے اجازت دیدی۔ میں اپنے جو ہمارے سینیئر ممبر صاحب ہیں، جن کو دیکھ کر ہم سیکھتے ہیں لیکن مجھے بہت زیادہ دکھ ہو رہا ہے اس بات پہ، سردار بابک صاحب نے اپنی سپیچ میں ایک لفظ استعمال کیا کہ 'غیر مذہب' تو

